
# چھوٹے قرضے


## قرض لیتے وقت یادرکھنے والی باتیں












## جب آپ قرض لیں تو یادرکھیں!



- ایسے قرض لینے والے ادارے کا انتخاب کریں جو کم سود پر رقم دیتا ہے۔ جیسے کہ انجمن امدادِ باہمی اور غیر سرکاری تنظیمیں۔
- ہمیشہ اپنی آمدنی اور خرچ کا حساب رکھیں۔
- یہ فیصلہ بھی کرلیں کہ آپ نے کتنا قرض لینا ہے جو آسانی سے واپس کرسکتے ہیں۔
- اپنی آمدنی کے حساب سے قرض کی واپسی کا شیڈول تیار کریں۔

| | |
|---|---|
| عنوان | چھوٹے قرضے (قرض لیتے وقت یادرکھنے والی باتیں) |
| ہدف | نوخواندہ افراد |
| موضوع | بالغات کو کاروبار/ دیگر ضروریاتِ زندگی کو پورا کرنے کیلئے چھوٹے پیمانے پر قرض لینے کے طریقہ کار کی وضاحت کرنا |
| مقاصد | چھوٹے قرض سے آگاہی |
| | ● چھوٹے قرضے کے بارے میں اہم نکات کی وضاحت کرنا |
| | ● قرض لینے کے سلسلہ میں صحیح اور محفوظ طریق کار سے آگاہ کرنا |
| | ● بالغات کو قرض کے لین دین کی منصوبہ بندی سکھانا |

| | |
|---|---|
| طریقہ کار | کتاب تقسیم کرنے سے پیشتر لرنرز سے بات چیت کریں کہ اگر انہیں کاروبار میں رقم کی کمی کا سامنا ہو تو وہ کیا کریں گے؟ |
| | کتاب تقسیم کریں اور لرنرز کو پڑھنے کو کہیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ کی وضاحت کرے۔ |
| | گروپ میں خواتین چھوٹے قرض کے متعلق اپنے اپنے تجربے کی روشنی میں گفتگو کریں۔ |


©Asia Pacific Cultural Centre for UNESCO (ACCU), 2000
6, Fukuromatchi, Shinjuku-ku, Tokyo 162-8484 Japan.
**e-mail:** literacy@accu.or.jp **URL:** http://ww.accu.or.jp/litdbase

This booklet is planned and produced under Asia/Pacific Joint Production Programme for New-Literates in Rural Areas (AJP) in co-operation with UNESCO PROAP

Illustrated by: ***Eddie B.Handono*** (Indonesia) Designed by: ***Muhammad Akmal Shahzad "MAS Grafix"*** (Pakistan)
An illustration on page 10 (down, left) ©Bijan Choudhury (India)

*Adopted in Urdu by*
***Literacy Resource Centre***
Pakistan Girl Guides Association, 5-Habib Ullah Road, Lahore-Pakistan. **e-mail:** pggalrc@brain,net.pk
Translated by: ***Ms. Saira Bano***
Edited By: ***Ms. Ismat Niaz***

# کام کا چارٹ



آؤ مندرجہ ذیل نمونے کے چارٹ پر کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ سود کے ریٹ کا فرق پوری رقم کی ادائیگی پر اَثر ڈالتا ہے۔ علاوہ ازیں اپنی اصل رقم، شرح سود اور قرض کی مدت کا ایک علیحدہ چارٹ بنائیں۔

**مثال کے طور پر آپ مندرجہ ذیل شرائط پر اُدھار لیتے ہیں**

اصل رقم 1000 روپے

طریق کار واپسی پانچ ماہ میں، ہر ماہ ایک مخصوص رقم کی قسط

## چارٹ نمبر 1

شرح سود 4 فی صد (فی 100 روپے پر 4 روپے) ہر ماہ

کل سود 200 روپے (40×5 ماہ)

ماہانہ قسط اصل رقم 200 روپے

سود 40 روپے

| مدت | اصل زر | سود | قسط | مجموعی |
|---|---|---|---|---|
| پہلا مہینہ | 200 | 40 | 240 | 240 |
| دوسرا مہینہ | 200 | 40 | 240 | 480 |
| تیسرا مہینہ | | | | |
| چوتھا مہینہ | | | | |
| پانچواں مہینہ | | | | 1200 |

## چارٹ نمبر 2

شرح سود 10 فی صد (فی 100 روپے پر 10 روپے) ہر ماہ

کل سود 500 روپے (100×5 ماہ)

ماہانہ قسط اصل رقم 200 روپے

سود 100 روپے

| مدت | اصل زر | سود | قسط | مجموعی |
|---|---|---|---|---|
| پہلا مہینہ | 200 | 100 | 300 | 300 |
| دوسرا مہینہ | 200 | 100 | 300 | 600 |
| تیسرا مہینہ | | | | |
| چوتھا مہینہ | | | | |
| پانچواں مہینہ | | | | 1500 |




| | | | |
|---|---|---|---|
| نام کتاب | چھوٹے قرضے | مالی معاونت | یونیسکو (اسلام آباد) |
| زیرنگرانی | شاہین عتیق الرحمٰن | تعداد | 1000 |
| ترجمہ وترتیب | صائمہ فیاض | شائع کردہ | بنیاد فاؤنڈیشن، لاہور |
| معاونت: | آصف بھٹی | | |



نوٹ: اس کتاب میں موجود مواد جس طرح مصنّفین نے خود لکھا ہے اُسی طرح چھاپ دِیا گیا ہے۔ اس کتاب میں معلومات وکوائف کی تفصیلات کے ذِمہ دار مصنّفین ہیں اور اس میں جن آراء کا اظہار کیا گیا ہے، یونیسکو کا اس سے متعلق ہونا ضروری نہیں۔

# ہم کس سے قرض لے سکتے ہیں؟



**کمیونٹی آرگنائزیشن سے قرض لینا**

ایسے بہت سے ادارے ہیں جو لوگوں کو قرض دیتے ہیں۔ جن میں بینک، شراکتی ادارے، این جی اوز یا انفرادی طور پر قرض دینے والے اشخاص (ساہوکار)۔ سرِدست اس گاؤں میں وہ ذرائع ہیں جن سے ہم قرض لے سکتے ہیں۔ میں تمہیں ان کے نام بتاتی ہوں۔ انفرادی طور پر قرض دینے والا گاؤں کا نمبردار فیروز دین ہے اور دوسری کسانوں کی امداد باہمی تنظیم جو کسانوں اور دیگر افراد کو قرض فراہم کرتی ہے۔ عام طور پر ساہوکار سے زیادہ قرض لینا خطرناک ہوتا ہے۔ وہ رقم پر زیادہ شرح سے سود لیتے ہیں۔ اس طرح آپ کو بہت زیادہ فالتو رقم کی ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ جبکہ کمیونٹی آرگنائزیشن سے قرض پر بہت کم سروس چارجز ادا کرنا پڑتے ہیں۔



**کسی ساہوکار سے قرض لینا**



**فائدہ** سروس چارجز کم ہوتے ہیں۔ اگر آپ مشکل میں ہوں تو کمیونٹی آرگنائزیشن کا کوئی ممبر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ رہن کی ضرورت نہیں ہوتی۔

**نقصان** اس میں رقم کی حد مقرر ہوتی ہے اور مخصوص وقت میں واپسی۔ کمیونٹی آرگنائزیشن کا ممبر ہونا ضروری ہے، جس کے لئے رکنیت کی فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔


**فائدہ** اس میں قرض کی رقم کی کوئی حد نہیں ہوتی اور نہ ہی مدت کا تعین کیا جاتا ہے

**نقصان** اسکی شرح سود زیادہ ہوتی ہے۔ قرض لینے والے کو کسی ضمانت/رہن کی ضرورت ہوتی ہے

میں اب تمہیں کسی شخص سے قرض لینے اور کسی شراکتی گروپ سے قرض لینے کے فائدے اور نقصان بتاتی ہوں!



# ہم کتنی رقم اُدھار لے سکتے ہیں؟






# پیش لفظ

بنیاد فاؤنڈیشن کئی سالوں سے فروغ خواندگی میں مصروف ہے کیونکہ ناخواندگی نہ صرف انسان کی انفرادی اُمنگوں، اُمیدوں اور خواہشوں کو ناکام بناتی ہے بلکہ اسے جاہلیت کی اُتھاہ گہرائیوں میں دھکیل دیتی ہے۔ ترقی کی راہ میں سب سے بھاری پتھر ناخواندگی ہے۔

بنیاد فاؤنڈیشن اس کوشش میں ہے کہ دیہاتی عورت نہ صرف پڑھ لکھ سکے بلکہ تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنی حالت کو بہتر بنانے کے لئے اپنا چھوٹا موٹا کاروبار کر کے اپنی آمدنی میں اضافہ بھی کر سکے۔ اس مقصد کے لئے بنیاد نے کئی اضلاع میں چھوٹے پیمانے پر گراسان قرضہ سکیم شروع کر رکھی ہے۔ یہ کتابچہ بھی اسی مقصد کے حصول کے لئے ایک کوشش ہے۔


ہم ارشد سعید صاحب، رخسانہ صاحبہ اور یونیسکو (UNESCO) کے بہت شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری اس کوشش کو نہ صرف سراہا بلکہ مدد بھی کی۔

ترجمہ و ترتیب: صائمہ فیاض
بنیاد فاؤنڈیشن

شاہین عتیق الرحمٰن
وائس چیئر پرسن بنیاد فاؤنڈیشن



# ادائیگی کا طریق کار




**پہلا طریقہ**

**ہر مہینے ایک قسط دینا**


اس صورت میں آپ تھوڑی تھوڑی رقم باقاعدگی سے واپس کر سکتے ہیں۔ اس طرح خطرے سے بچ سکتے ہیں۔ ایسے میں آپ کا باقاعدہ آمدنی کا ذریعہ ہونا چاہیے تاکہ آپ رقم واپس کر سکیں۔

**دوسرا طریقہ**

**پوری رقم مدت پوری ہونے پر اکٹھی واپس کریں**

ایسی صورت میں قرض کی ساری رقم مدت پوری ہونے پر یک مشت ادا کرنی ہوتی ہے۔ اس کے لئے تمام رقم ایک ساتھ واپس کرنے کا صحیح اندازہ ہونا چاہیے۔


# جب ہمیں اضافی رقم کی ضرورت ہو، مائیکرو کریڈٹ ہماری مدد کرتا ہے







# مائیکرو کریڈٹ کیا ہے؟

رانی اور رشید نے مل کر مرغیاں پالنے کا کاروبار شروع کیا تھا۔ وہ اپنے کاروبار کو مزید بڑھانا چاہتے تھے جس کے لئے اُنہیں مزید رقم کی ضرورت تھی۔ ایک دن اُنہوں نے اپنے گاؤں کی کمیونٹی آرگنائزیشن کی ممبر سے رقم کے بارے میں مشورہ کیا کہ وہ کس طرح اپنا کاروبار بہتر کر سکتے ہیں؟



مائیکرو کریڈٹ سے مراد لوگوں کو چھوٹے قرضے فراہم کرنا ہے، جنہیں خود انحصاری کے منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے رقم کی ضرورت ہو۔ یعنی کہ ان کی آمدنی میں اضافہ ہو سکے یا وہ گھریلو اہم ضروریات مثلاً صحت و تعلیم کے مسائل حل کرنا چاہتے ہوں۔ مختصر مدت کیلئے قرض دے کر لوگوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ اس کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔






- اُدھار میں جو رقم ملتی ہے وہ زیادہ نہیں ہوتی۔
- جو رقم آپ کو دی جاتی ہے اس کی واپسی بہت جلد کرنی ہوتی ہے، عموماً زیادہ سے زیادہ ایک سال۔






# رقم اُدھار لینے سے قبل!






- آپ کو CO کا ممبر بننا پڑے گا۔
- قرض صرف بچت کرنے والے ممبران کو دیا جائیگا۔
- قرض صرف حصول روزگار کیلئے دیا جائیگا۔
- قرض کی اقساط کاروبار پر منحصر ہوں گی۔
- قرض 5 عورتوں کے گروپ کو دیا جائیگا۔
- وہ 5 عورتیں ایک دوسرے کی ضامن ہوں گی۔
- قرض اور بچت کرنیوالے کو ہر ماہ میٹنگ میں آنا ہوگا۔
- قرض کیلئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لازمی ہے۔
- قرض کا دورانیہ ایک سال ہوگا۔
- 10,000 روپے قرضہ پر (سروس چارجز) 2,000 روپے زیادہ ادا کرنے پڑیں گے۔

قرض کی رقم اُدھار لینے سے قبل تمہیں تین ضروری باتیں ذہن میں رکھنی چاہئیں۔

- **اصل زر:** جو رقم اُدھار لی گئی۔
- **شرح منافع:** سروس چارجز کی رقم جو اصل زر کے علاوہ ادا کرنی ہے۔
- **ادائیگی کا شیڈول:** قرض کی مدت اور قرض کی واپسی کی اقساط کا طریق کار جو رقم کی ادائیگی پر اثر انداز ہوگا۔







# شرح منافع



فرید نے بتایا کہ شرح منافع کسی قرض کی ادائیگی میں انتہائی نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ 1000 روپے بطور قرض کسی ساہوکار سے لیتے ہیں اور 1000 روپے کیمونٹی آرگنائزیشن سے لیتے ہیں۔
آیئے! دیکھتے ہیں کہ وہ کتنے سروس چارجز ہر ماہ وصول کرتے ہیں، اس سے کل رقم میں کتنا فرق پڑتا ہے۔




| | اصل زر | شرح سود | سود کی رقم | کل رقم (بوقت واپسی) |
|---|---|---|---|---|
| ساہوکار سے قرضہ لینے کی صورت میں | 1000/- روپے | 100% | 1000/- روپے | 2000/- روپے |

| | اصل زر | شرح سروس چارجز | سروس چارجز کی رقم | کل رقم (بوقت واپسی) |
|---|---|---|---|---|
| CO سے قرضہ لینے کی صورت میں | 1000/- روپے | 20% | 200/- روپے | 1200/- روپے |

## اہم شقیں اور معاہدۂ قرض



**صلاحیت:** اس سے مراد آپ کتنا قرض آسانی سے ادا کر سکتے ہیں؟ گویا آپ کی قرض واپس کرنے کی صلاحیت ہے۔ باقاعدہ آمدنی کے ذرائع، قانونی پیچیدگی جو رقم ادا کرنے میں حائل ہوسکتی ہو کا جائزہ لینا وغیرہ وغیرہ۔



**کردار:** کردار سے مراد آپ کی قرض واپس کرنے کی صلاحیت اور آپ کی ایمانداری ہے۔ اس کا دارو مدار آپ کے پچھلے قرض لینے کے ریکارڈ اور ذاتی حالات پر ہوگا۔

**سرمایہ:** اگر متوقع آمدنی نہ ہوتو...... سرمایہ سے مراد آپ کے موجودہ اثاثے ہیں جیسا کہ آپ کی جمع پونجی، زمین اور کام میں لگی ہوئی رقم ہے جس سے کہ آپ اپنا قرض اُتار سکتے ہیں۔



قرض دیتے وقت یہ تین شقیں کمیونٹی آرگنائزیشن کے قوانین میں شامل ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ قرض کا معاہدہ اگر امداد باہمی مہیا کرتا ہے تو اس کا غور سے مطالعہ کرنا چاہئے۔ اس میں تمام قرض سے متعلق لین دین کی شرائط وضوابط کی وضاحت ہوگی۔









## اُدھار لینے کے بعد!




### یادرکھنے والی شرط

آسان لفظوں میں تمہیں اپنی آمدنی بڑھانی چاہئے اور اپنے اخراجات کم سے کم رکھنے چاہئیں۔ میں تمہیں درج ذیل مشورہ دوں گا۔


### ادائیگی کی یقین دہانی

مجھے قرض کی واپسی کی یقین دہانی کے لئے کیا کرنا چاہئے؟



اپنی چیزوں کی مارکیٹ میں قیمت اور ان کو بیچنے کا صحیح وقت بہت مدد گار ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ فروخت کے لئے چیزوں کی قیمت کم سے کم ہونا بہت ضروری ہے۔





اگر تم قرض لی ہوئی رقم کا بہترین استعمال کرو اور محنت کرو تو تمہاری آمدنی اور کاروبار بڑھ سکتا ہے۔

جب بھی آپ کو قسط دینے میں دِقت پیش آئے تو جلد از جلد امدادِ باہمی کے انچارج سے رابطہ کریں۔





اخراجات اور آمدنی کا صحیح ریکارڈ رکھیں۔ خرچ میں کاروبار میں استعمال ہونے والی چیزیں اور ضروریاتِ زندگی ہیں اور آمدنی وہ ہے جو چیزیں بیچنے سے حاصل ہوتی ہے۔



رقم اُدھار لینے سے قبل! شرائط وضوابط (شرط نمبر 3)

اہم شقیں اور معاہدۂ قرض



صلاحیت: اس سے مراد آپ کتنا قرض آسانی سے ادا کر سکتے ہیں؟ گویا آپ کی قرض واپس کرنے کی صلاحیت ہے۔ باقاعدہ آمدنی کے ذرائع، قانونی پیچیدگی جو رقم ادا کرنے میں حائل ہوسکتی ہو کا جائزہ لینا وغیرہ وغیرہ۔



کردار: کردار سے مراد آپ کی قرض واپس کرنے کی صلاحیت اور آپ کی ایمانداری ہے۔ اس کا دارو مدار آپ کے پچھلے قرض لینے کے ریکارڈ اور ذاتی حالات پر ہوگا۔

سرمایہ: اگر متوقع آمدنی نہ ہوتو...... سرمایہ سے مراد آپ کے موجودہ اثاثے ہیں جیسا کہ آپ کی جمع پونجی، زمین اور کام میں لگی ہوئی رقم ہے جس سے کہ آپ اپنا قرض اُتار سکتے ہیں۔



قرض دیتے وقت یہ تین شقیں کمیونٹی آرگنائزیشن کے قوانین میں شامل ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ قرض کا معاہدہ اگر امداد باہمی مہیا کرتا ہے تو اس کا غور سے مطالعہ کرنا چاہئے۔ اس میں تمام قرض سے متعلق لین دین کی شرائط وضوابط کی وضاحت ہوگی۔






9

رقم اُدھار لینے سے قبل! شرائط وضوابط (شرط نمبر 3)

اُدھار لینے کے بعد!



یادرکھنے والی شرط

آسان لفظوں میں تمہیں اپنی آمدنی بڑھانی چاہئے اور اپنے اخراجات کم سے کم رکھنے چاہئیں۔ میں تمہیں درج ذیل مشورہ دوں گا۔


ادائیگی کی یقین دہانی

مجھے قرض کی واپسی کی یقین دہانی کے لئے کیا کرنا چاہئے؟



اپنی چیزوں کی مارکیٹ میں قیمت اور ان کو بیچنے کا صحیح وقت بہت مدد گار ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ فروخت کے لئے چیزوں کی قیمت کم سے کم ہونا بہت ضروری ہے۔





اگر تم قرض لی ہوئی رقم کا بہترین استعمال کرو اور محنت کرو تو تمہاری آمدنی اور کاروبار بڑھ سکتا ہے۔

جب بھی آپ کو قسط دینے میں دِقت پیش آئے تو جلد از جلد امدادِ باہمی کے انچارج سے رابطہ کریں۔





اخراجات اور آمدنی کا صحیح ریکارڈ رکھیں۔ خرچ میں کاروبار میں استعمال ہونے والی چیزیں اور ضروریاتِ زندگی ہیں اور آمدنی وہ ہے جو چیزیں بیچنے سے حاصل ہوتی ہے۔

10